**21.01.2026**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ...................... آسیہ میمونہ

**Music**

---

☆ مرکز نے اَٹل پنشن یوجنا کو 2030-31 تک جاری رکھنے کا فیصلہ کیا ہے۔ بھارت کے اسمال انڈسٹریز ڈیولپمنٹ بینک آف انڈیا SIDBI کو 5 ہزار کروڑ روپے دینے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔

☆ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے نئی دلّی میں اسپین کے اپنے ہم منصب Jose Manuel Albares Bueno سے ملاقات کی۔ انہوں نے دہشت گردی کو بالکل برداشت نہ کرنے کو کہا ہے۔

☆ نئی دلّی میں جمہوریت اور انتخابات کے انتظام پر بھارت- بین الاقوامی کانفرنس شروع ہوئی ہے۔ چیف انتخابی کمشنر نے بھارت کے قدیم جمہوری نظام کو اُجاگر کیا۔

☆ بھارت نژاد خلاء نورد سُنیتا ولیمس 27 سال کی شاندار خدمات کے بعد NASA سے سبکدوش ہوگئی ہیں۔

☆ روس کے وزیر خارجہ نے کہا ہے کہ گرین لینڈ ڈِنمارک کا قدرتی حصہ نہیں ہے۔ انہوں نے اِس کو نوآبادیاتی وراثت کہتے ہوئے اس کو اقوام متحدہ چارٹر کی خلاف ورزی بتایا۔

☆ اور مردوں کے کرکٹ میں، بھارت اور نیوزی لینڈ کے درمیان پانچ ٹی-ٹوینٹی بین الاقوامی میچوں کی سیریز آج شام ناگپور میں شروع ہورہی ہے۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

Cabinet Atal Pension Yojana

حکومت نے آج اَٹل پنشن یوجنا کو سال 2030-31 تک جاری رکھنے کو منظوری دے دی ہے اور اس اسکیم کو ترقیاتی سرگرمیوں کے تعاون کیلئے بھی لاگو کیا جائے گا۔ غیر منظّم شعبے میں بزرگ لوگوں کی آمدنی کو یقینی بنانے کے مقصد سے یہ اسکیم مئی 2015 میں شروع کی گئی تھی۔ آج نئی دلّی میں وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت میں ایک کابینہ میٹنگ کے دوران یہ فیصلہ کیا گیا۔ اس اسکیم کے تحت 60 سال کی عمر سے زیادہ لوگوں کو ہر مہینے ایک ہزار سے پانچ ہزار روپے تک دیئے جاتے ہیں۔ اس اسکیم میں اب تک 8 کروڑ 66 لاکھ افراد نے اندراج کرایا ہے۔×

Cabinet Sidbi

حکومت نے اسمال انڈسٹریز ڈیولپمنٹ بینک آف انڈیا SIDBI کو پانچ ہزار کروڑ روپے کی ایکویٹی سپورٹ کی منظوری دی ہے۔ یہ فیصلہ آج وزیر اعظم نریندر مودی کی صدارت میں منعقدہ کابینہ کی میٹنگ میں لیا گیا۔ اس اقدام سے 25 لاکھ 74 ہزار سے زیادہ نئے MSME کو فائدہ ہونے کی توقع ہے۔ پانچ ہزار کروڑ روپے کے ایکویٹی سرمایہ فراہمی کے بعد، مالی امداد حاصل کرنے والے ایم ایس ایم ایز کی تعداد مالی برس 2025-26 کے آخر تک 76 لاکھ سے بڑھ کر مالی سال 2028 کے آخر تک ایک کروڑ سے زیادہ پہنچ جانے کی امید ہے۔ مالی سال 2027-28کے اختتام تک روزگار کے مواقع میں بھی ایک کروڑ 12 لاکھ کے اضافے کا امکان ہے۔

یہ ایکویٹی سرمایہ مالیاتی خدمات کے محکمے کی جانب سے تین مرحلوں میں SIDBI کو فراہم کی جائے گی۔

پہلے مرحلے کے تحت رواں مالی برس کے دوران 3 ہزار کروڑ روپے دیے جائیں گے، جبکہ آئندہ مالی سال اور مالی سال 2027-28 کے دوران ایک-ایک ہزار کروڑ روپے فراہم کیے جائیں گے۔x

BJP Meeting

BJP کے قومی صدر نتن نبین نئی دلی میں پارٹی صدر دفتر میں قومی عہدیداران کی اپنی پہلی میٹنگ کی صدارت کر رہے ہیں۔ اس اجلاس کا مقصد تنظیم کو مضبوط بنانا اور آئندہ کیلئے سیاسی حکمتِ عملی وضع کرنا ہے۔نتن نبین نے کل BJP کے نئے قومی صدر کے طور پر عہدہ سنبھالا تھا۔x

Jaishankar Spanish FM

وزیرِ خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ مشترکہ چیلنجز، بالخصوص دہشت گردی کے خلاف لڑائی میں، ملکوں کے درمیان تعاون پہلے سے کہیں زیادہ ضروری ہو گیا ہے۔

ڈاکٹر جے شنکر نے یہ بات آج نئی دلی میں اسپین کے اپنے ہم منصب Jose Manuel Albares Bueno کے ساتھ مذاکرات کے افتتاحی اجلاس کے دوران کہی۔ انہوں نے کہا کہ بھارت اور اسپین دونوں ہی دہشت گردی سے متاثرہ ممالک ہیں۔ انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ عالمی نظام ایک وسیع تبدیلی کے دور سے گزر رہا ہے اور دنیا کو دہشت گردی کو بالکل بھی برداشت نہ کرنے کی پالیسی اپنانا ہوگی۔

S/B Jaishankar on Terrorims

ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ بھارت اگلے مہینے نئی دلی میں مصنوعی ذہانت AI امپیکٹ سمٹ 2026 کی میزبانی کرے گا۔ انہوں نے بتایا کہ AI سے متعلق بھارت کا نقطۂ نظر انسانوں پر مرکوز، جامع، ذمہ دار اور اخلاقی اقدار پر مبنی ہے، جو یورپ کے نقطۂ نظر سے کافی مطابقت رکھتا ہے۔ وزیر موصوف نے کہا کہ بھارت اور اسپین نے 2026 کو ثقافت، سیاحت اور AI کا مشترکہ سال قرار دیا ہے۔x

## BREAK

### ECI Three Day Conference

اعلیٰ انتخابی کمشنر گیانیش کمار نے کہا ہے کہ بوتھ سطح کے افسران ملک میں انتخابی جمہوریت کے بنیادی ستون ہیں۔ آج نئی دلی میں جمہوریت اور چناؤ کے بندوبست سے متعلق بھارت کی بین الاقوامی کانفرنس IICDEM دو ہزار چھبیس سے خطاب کرتے ہوئے جناب کمار نے کہا کہ بھارت مادرِ جمہوریت ہے۔ لہٰذا ہر اہل ووٹر کو شامل کرتے ہوئے شفاف اور درست ووٹر فہرستوں کی تیاری جمہوریت کو مضبوط بنانے کے لیے نہایت ضروری ہے۔x

SB/-Gayanesh

کانفرنس کے دوران ملک کے قدیم جمہوری نظام کو اجاگر کرتے ہوئے جناب کمار نے کہا کہ بھارت جمہوریت کا سرچشمہ ہے۔ انھوں نے مندوبین سے کہا کہ وہ کانفرنس کے پس منظر میں نظر آنے والے Stupa اور Ashoka ستون پر توجہ دیں، جو تقریباً چھ سو قبل مسیح کے زمانے سے تعلق رکھنے والے جمہوری فکر کی ابتدائی بنیادوں سے وابستہ سمجھے جاتے ہیں۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ کانفرنس کے پس منظر میں Atharva وید کا ایک سنسکرت بھجن بھی شامل ہے، جو موجودہ عہد سے ایک ہزار سال سے زیادہ پرانا ہے اور جس میں گاؤں کی سمیتیوں اور کمیٹیوں کا ذکر ملتا ہے۔x

### Prez PM Statehood Day

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر سی پی رادھا کرشنن اور وزیراعظم نریندر مودی نے میگھالیہ، تریپورہ اور منی پور ریاستوں کے یوم تاسیس کے موقع پر آج مبارکباد پیش کی ہے۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا کہ یہ ریاستیں ثقافتی ورثے، گوناگوں روایات اور غیر معمولی قدرتی خوبصورتی سے مالا مال ہیں۔

جناب رادھا کرشنن نے امید ظاہر کی کہ یہ ریاستیں مجموعی ترقی، ثقافتی ورثے اور پائیدار ترقی کے ساتھ ملک کی ترقی میں اپنا تعاون دینا جاری رکھیں گی۔

جناب نریندر مودی نے بھی دعا کی کہ آنے والے دنوں میں اِن ریاستوں میں خوشحالی آئے۔x

### Amrit Udyan Open

راشٹرپتی بھون کے احاطے میں واقع اَمرت اُدیان اِس سال 3 فروری سے 31 مارچ تک عوام کے لیے کھلا رہے گا۔ یہ باغ روزانہ صبح 10 بجے سے شام 6 بجے تک کھلا رہے گا۔ اِس میں آخری داخلہ شام 5 بجکر 15 منٹ پر ہوگا۔ دیکھ بھال کی غرض سے باغ ہر پیر کو بند رہے گا۔ اِس کے علاوہ ہولی کے موقع پر 4 مارچ کو بھی باغ بند رہے گا۔

باغ میں داخلہ سبھی کے لیے مفت ہے۔ یہاں آنے والے خواہشمند افراد اپنی آمد کا وقت آن لائن ویب سائٹ visit.rashtrapatibhavan.gov.inپر جاکر یا گیٹ نمبر 35 کے باہر موجود سیلف سروس کیوسک کے ذریعے آف لائن بک کر سکتے ہیں۔

سیاحوں کو امرت اُدیان کے اندر موبائل فون، الیکٹرانک چابیاں، پرس، ہینڈ بیگ، پانی کی بوتلیں، بچوں کے دودھ کی بوتلیں اور چھتریاں لے جانے کی اجازت ہوگی۔ اِن اشیاء کے علاوہ کسی اور چیز کو اندر لے جانے کی اجازت نہیں ہوگی۔x

## Airchief Marshal Military Power

ایئر چیف مارشل امر پریت سنگھ نے مضبوط فوجی طاقت اور اس طاقت کو استعمال کرنے کے حوصلے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ نئی دلی میں قومی سلامتی کی ضروریات کے موضوع پر منعقدہ 22ویں سبروتو مکھرجی سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ فوجی طاقت، ملک کی طاقت کا حتمی فیصلہ کُن عنصر ہو تی ہے۔ جناب سنگھ نے اجاگر کیا کہ فوجی طاقت آزادی فراہم کرتی ہے، تکنیکی بنیادی ڈھانچے کو محفوظ بناتی ہے اور ملک کی سفارت کاری کو اعتبار بخشتی ہے۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ دنیا تیزی سے انتشار کا شکار ہو رہی ہے، اور ایسے حالات میں مضبوط فوج، بالخصوص فضائیہ کو مضبوط بنانے پر توجہ دینا لازمی ہے۔ اس موقع پر جناب سنگھ نے Drones Redefined : The Warfare" Impact of Emerging Technologies on UAS کے عنوان سے ایک کتاب کا اجرا کیا۔x

## Rev. Sunita WIlliams

ناسا کی خلا نورد سنیتا ولیمس 27 سال تک شاندار خدمات انجام دینے کے بعد خلائی ایجنسی سے سبکدوش ہو گئی ہیں۔ اُن کے ریٹائرمنٹ کا اعلان آج صبح ناسا کی طرف سے کیا گیا۔ اُن کی ریٹائرمنٹ پچھلے مہینے کی 27 تاریخ سے مانا گیا ہے۔ ایک پریس ریلیز میں ناسا نے کہا ہے کہ سنیتا ولیمس نے بین الاقوامی خلائی اسٹیشن ISS کے تین مشنوں کیلئے خلا میں 608 دن گزارے۔ ناسا کی کسی خلا نورد کیلئے یہ دوسرا سب سے اہم مشن تھا۔ انہوں نے 62 سے زیادہ گھنٹے تک خلا میں 9 مرتبہ چہل قدمی کی۔ وہ ایسی پہلی خاتون خلا نورد ہیں، جنہوں نے خلاء میں رہ کر تحقیقی کام انجام دیا۔ بھارتی نژاد ولیمس پہلی مرتبہ شٹل ڈسکوری میں 2006 میں خلا میں گئی تھیں اور بعد میں مہم 33 کے دوران ISS کے کمانڈر کی حیثیت سے خدمات انجام دیں۔

اپنی سبکدوشی سے قبل انہوں نے بین الاقوامی خلائی اسٹیشن ISS پر 9 مہینے کا غیر معمولی مشن مکمل کیا تھا اور اس کے ساتھ ہی بہادری قیادت اور سائنسی مہارت پر مشتمل ایک سفر مکمل ہوگیا۔

Russia Greenland

روس کے وزیرِ خارجہ سرگئی لاوروف نے کہا ہے کہ گرین لینڈ، ڈنمارک کا فطری حصہ نہیں ہے اور یہ نوآبادیاتی دور کی ایک وراثت ہے جو اقوام متحدہ کے چارٹر کی روح کے منافی ہے۔ کل ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے جناب لاوروف نے کہا کہ گرین لینڈ تاریخی طور پر ناروے اور ڈنمارک کی کالونی رہا ہے اور بیسویں صدی کے وسط میں ہی یہ ڈنمارک سے وابستہ ایک علاقہ بنا۔ انہوں نے کہا کہ اقوام متحدہ میں اب بھی 17 ایسے علاقے درج ہیں جو حکمراں طاقتوں کے زیرِ اقتدار خود مختار ہیں۔ انہوں نے فرانس اور برطانیہ سے متعلق مثالیں بھی دیں۔ روس کے وزیر خارجہ کے یہ بیانات اس لیے اہم ہیں کیونکہ روس اقوام متحدہ سلامتی کونسل کا مستقل رکن ہے اور اسے ویٹو کا اختیار حاصل ہے۔

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے وعدہ کیا ہے کہ وہ ان یورپی ملکوں پر مرحلہ وار طریقے سے محصولات میں اضافہ کریں گے، جنہوں نے گرین لینڈ کو حاصل کرنے کے ان کے اقدام کی مخالفت کی ہے، جس سے ڈنمارک کے نیم خودمختار علاقے گرین لینڈ پر تنازع مزید بڑھ گیا ہے۔x

ABE-Assasslination

جاپان کی ایک عدالت نے سابق وزیراعظم Shinzo Abe کے 2022 میں ہوئے قتل کیلئے Tetsuya Yamagami کو عمرقید کی سزا سنائی ہے۔ Yamagami نے قبول کیا کہ اُس نے Nara میں ایک انتخابی مہم میں تقریر کے دوران Abe کو گولی ماری تھی۔ Yamagami کو موقع واردات سے گرفتار کیا گیا تھا اور اُس نے ایک دیسی بندوق کا استعمال کیا تھا۔ پولیس نے بعد میں اسی طرح کے ہتھیار اُس کی رہائش گاہ سے برآمد کئے۔ Shinzo Abe نے جب تقریر شروع کی تو انہیں بہت قریب سے پیچھے سے گولی ماری گئی تھی۔ انہیں فضائی ایمبولینس کے ذریعہ اسپتال پہنچا گیا، لیکن ہنگامی علاج کے باوجود اُن کی موت ہوگئی۔x

Cricket IND VS NA T20

مردوں کے کرکٹ میں بھارت اور نیو زیلینڈ کے درمیان پانچ ٹی۔ٹوئنٹی میچوں کی سیریز کا آج آغاز ہو رہا ہے۔ سیریز کا پہلا میچ آج ناگپور کے ودربھ کرکٹ ایسوسی ایشن اسٹیڈیم میں کھیلا جائے گا۔ یہ میچ شام سات بجے شروع ہوگا۔ سوریا کمار یادو کی قیادت والی بھارتی ٹیم کیلئے یہ ٹی۔ٹوئنٹی سیریز بیحد اہم ہے۔x

## Vaishnaw Semiconductor

الیکٹرانکس اور IT محکمے کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ بھارت ایک مکمل سیمی کنڈکٹر ایکو نظام قائم کر رہا ہے، جس میں ڈیزائن، Fabrication، پیکیجنگ، ساز و سامان اور گیس وغیرہ شامل ہیں۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب ویشنو نے کہا کہ عالمی صنعت بھارت کو اب اور زیادہ قابلِ بھروسہ سپلائی نظام کے ساجھے دار کے طور پر دیکھ رہی ہے۔

وزیر موصوف نے کہا کہ گُوگل بھارت کے AI ایکو نظام کے تئیں اپنے عہد کو مستحکم بنا رہا ہے، جس میں وشاکھاپٹنم، آندھراپردیش میں 15 ارب ڈالر مالیت کا AI ڈیٹا سینٹر اور بھارتی اسٹارٹ اَپ اداروں کے ساتھ ساجھے داری شامل ہے۔×

## EU Chief FTA

یوروپی کمیشن کی صدر Ursula von der Leyen نے کہا ہے کہ بھارت اور یوروپی یونین آزادانہ تجارت کا تاریخی سمجھوتہ کرنے کے قریب ہیں، جس سے عالمی کامرس اور سپلائی نظام کو نئی جہت مل سکتی ہے۔ Davos میں عالمی اقتصادی فورم میں عالمی رہنماؤں سے خطاب کرتے ہوئے یوروپی کمیشن کی صدر نے مجوزہ تجارتی سمجھوتے کو سب سے اہم معاہدہ قرار دیا۔ یوروپی کمیشن کی صدر نے کہا کہ Davos میں عالمی اقتصادی فورم کی میٹنگ کے بعد وہ بھارت کا دورہ کریں گی۔ تاہم انہوں نے کہا کہ ابھی بہت کام کیا جانا باقی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہ سمجھوتہ دو ارب افراد کیلئے مارکیٹ تیار کرے گا۔

محترمہ Von der Leyen اور یوروپی کونسل کے صدر Antonio Costa اس مہینے کی 25 تاریخ سے 27 تاریخ تک بھارت کے سرکاری دورے پر رہیں گے اور یہ دونوں رہنماء یومِ جمہوریہ تقریبات میں مہمانِ خصوصی ہوں گے۔ اس کے بعد وہ بھارت-یوروپی یونین سربراہ میٹنگ کی مشترکہ طور پر صدارت کریں گے۔×

☆☆☆☆☆☆